JS BANK

# جے ایس ریڈی فنانس
# پراڈکٹ کے کلیدی حقائق کا بیان

| | |
|---|---|
| **الف۔آپ کی فنانسنگ کی ضرورت:** | |
| پراڈکٹ کا نام | • جے ایس ریڈی فنانس: (تنخواہ دار-این ٹی آئی/ایچ بی سی)<br>• جے ایس ریڈی فنانس: (ایس ای بی/ایس ای پی-این ٹی آئی/ایچ بی سی |
| قرضے کی قسم | گردشی قرضہ |
| قرض کی رقم | ________ روپے (روپے الفاظ میں) ____________________ |
| مارک اپ کی قسم | متغیر |
| **ب۔اس فنانسنگ کی تخمینی لاگت:** | |
| آپ پر کتنا مارک اپ عائد کیا جائے گا؟ | ایک سالہ کائبور+ ________ فیصد |
| | *مارک اپ کی رقم: ________ روپے سالانہ ادائیگی * — شرح: ________ فیصد شرح سالانہ |
| | *یہ ایک اندازے پر مبنی مالیت ہے اور اصل مالیت قابل اطلاق کائبور شرح کی وجہ سے تبدیل ہو سکتی ہے۔<br>*مارک اپ آپ کی جانب سے سہولت کے یومیہ استعمال کی بنیاد پر عائد کیا جائے گا۔ |
| آپ کو اور کون سے چارجز ادا کرنا ہوں گے؟ تمام فیس اور چارجز پر ایف ای ڈی عائد کی جائے گی۔ | پروسیسنگ چارجز (یک بارگی): جے ایس بینک لمیٹڈ کے قابل اطلاق شیڈول آف چارجز کے مطابق -/6,000 روپے یا کریڈٹ لمٹ کا 1.25 فیصد (جو بھی زیادہ ہو) |
| | توسیع کے چارجز: -/3,000 روپے |
| | سالانہ چارجز: -/5,000 روپے (پہلے سال کے اختتام سے وصول کیے جائیں گے) |
| | ایس ایم ایس الرٹ فیس: صارف کی رضامندی کے مطابق -/150 روپے ماہانہ وصول کی جائے گی |
| | عدالتی اخراجات: اصل کے مطابق |
| | چیک واپس ہونے پر: -/1,400 روپے فی موقع |
| | اسٹامپ ڈیوٹی: اصل کے مطابق |
| | چیک بک چارجز: پہلی چیک بک، جس میں 10 چیک شامل ہوں گے، مفت فراہم کی جائے گی۔<br>اس کے بعد فی چیک 30 روپے فیس لاگو ہوگی۔ |
| | پے آرڈر چارجز: بذریعہ اکاؤنٹ: -/375 روپے، بذریعہ کیش: -/1,700 روپے |
| | ڈیبٹ کارڈ—تبدیلی کی فیس: جے ایس بینک لمیٹڈ کے قابل اطلاق شیڈول آف چارجز کے مطابق |
| | ڈیبٹ کارڈ—دوبارہ اجرا کی فیس: جے ایس بینک لمیٹڈ کے قابل اطلاق شیڈول آف چارجز کے مطابق |
| | یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی کے چارجز: فی ٹرانزیکشن -/100 روپے |
| | اکاؤنٹ بند کرنے کی فیس: -/1,000 روپے |

JS BANK

| | |
|---|---|
| * قابل ادائیگی کم از کم واجب الادا رقم کیا ہو گی؟ | ________________روپے<br>*قسط کی رقم معاہدے کے وقت طے شدہ بینچ مارک/ریفرنس ریٹ میں تبدیلی کی صورت میں مختلف ہو سکتی ہے۔<br>کم از کم ماہانہ ادائیگی کی تفصیل:<br>آپ کی کم از کم ماہانہ ادائیگی درج ذیل پر مشتمل ہو گی:<br>اصل رقم کی باز ادائیگی کا 1.5 فیصد<br>ماہانہ مارک اپ<br>بینک کے چارجز—بشمول یک بارگی پروسیسنگ فیس، سالانہ تجدیدی فیس، لمٹ میں اضافے کی فیس، تاخیر سے ادائیگی کے چارجز (اگر ہوں)، اور گذشتہ ماہ کا بقایا بیلنس (اگر کوئی ہو) شامل ہیں۔<br>نوٹ: یہ رقوم ری پیمنٹ اکاؤنٹ میں جمع کرانا ضروری ہیں (جیسا کہ ماہانہ بل میں بتایا گیا ہے) |
| فنانسنگ کے عوض آپ کل کتنی رقم ادا کریں گے؟ | ________________روپے (فنانس معاہدے کے مطابق بائی بیک قیمت)<br>* مجموعی قابل ادائیگی رقم، بینچ مارک/ریفرنس ریٹ میں تبدیلی کے باعث، معاہدے کے وقت ظاہر کی گئی رقم سے مختلف ہو سکتی ہے۔ |
| ج۔ قبل از وقت ادائیگیاں | |
| کیا آپ کسی بھی وقت لمٹ کی باز ادائیگی کر سکتے ہیں؟ | جی ہاں |
| آپ لمٹ کی باز ادائیگی کیسے کر سکتے ہیں؟ | کسی بھی وقت اپنے نامزد کردہ ری پیمنٹ اکاؤنٹ میں مطلوبہ رقم جمع کروادیں۔ کسٹمر کی مرضی کے مطابق -/150 روپے ماہانہ SMS الرٹ فیس چارج کی جائے گی۔ |
| کیا فنانس کی قبل از وقت ادائیگی/جلد اختتام پر کوئی اضافی رقم یا چارجز ادا کرنا ہوں گے؟ | کوئی نہیں |
| د۔ نادہندگی/تاخیر سے ادائیگی کی معلومات | |
| اگر آپ اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہیں تو کیا ہو گا۔ | اگر کم از کم واجب الادا رقم، آپ کے جے ایس ریڈی فنانس کی ماہانہ اسٹیٹمنٹ کی مقررہ تاریخ (یعنی ہر ماہ کی 15 تاریخ) تک وصول نہ ہوئی، تو بقایا رقم پر مارک اپ بدستور وصول کیا جاتا رہے گا اور ہر ماہ کی 16 تاریخ سے تاخیر سے ادائیگی کے چارجز لاگو ہوں گے۔<br>اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہیں تو کیا ہو گا؟<br>براہِ مہربانی نوٹ فرمائیں، اگر صارف مسلسل ماہانہ کم از کم واجب الادا رقم ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو صارف کی معلومات کریڈٹ بیورو کو رپورٹ کر دی جائیں گی، جس کے نتیجے میں لمٹ بلاک ہونے یا سہولت معطل ہونے کا امکان ہو سکتا ہے۔<br>بذریعہ ہذا آپ کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان، ای سی آئی بی میں دو سال کی منفی/واجب الادا معلومات (بشمول مگر ان تک محدود نہیں واجب الادا ادائیگیاں، تاخیر سے کی گئی ادائیگیاں، مارک اپ کی منسوخی یا واپسی) شامل کرے گا۔ لہٰذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنی کم از کم واجب الادا رقم بروقت ادا کریں تاکہ ای سی آئی بی میں کسی بھی قسم کی منفی معلومات کی رپورٹ یا اظہار سے بچا جا سکے۔ |

JS BANK

| بروقت ادائیگی نہ کرنے پر کون سا جرمانہ عائد ہوگا؟ | ڈیفالٹ چارجز | لاگو شرح | تاخیر سے ادائیگی پر چارجز کے حساب کا طریقہ |
|---|---|---|---|
| | -/1,400 روپے | صفر | ہر مہینے |

| | |
|---|---|
| کیا بینک set-off کا حق استعمال کر سکتا ہے؟ | بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت، اپنی صوابدید پر، اکاؤنٹ ہولڈر کو 14 دن کا پیشگی نوٹس دے کر، اکاؤنٹ ہولڈر کے نام پر موجود تمام یا کسی بھی اکاؤنٹ کو یکجا، مجتمع اور/یا ضم کر دے۔ اس طرح اکاؤنٹس کو یکجا، مجتمع اور/یا ضم کرنے کے حق میں یہ اختیار بھی شامل ہوگا کہ بینک اکاؤنٹ ہولڈر پر واجب الادا کسی بھی رقم کو، خواہ کسی بھی کرنسی یا کرنسیوں میں ہو، ایڈجسٹ یا سیٹ آف کر سکے۔ اگر اس قسم کی یکجائی، اجتماع یا انضمام کے نتیجے میں بینک کے حق میں کوئی کمی یا خسارہ پیدا ہو جائے تو متعلقہ اکاؤنٹ ہولڈر اس کمی یا خسارے کی رقم بینک کے اولین مطالبے پر ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ |
| **ہ۔ دیگر اہم معلومات:** | |
| قرض لینے والے/والوں کی وفات کی صورت میں کیا ہوگا؟ | قرض لینے والے/لینے والوں کی وفات کی صورت میں، بینک اس بات کا پابند ہوگا کہ قرض لینے والے کے قانونی وارث سے رابطہ کرے تاکہ قرض لینے والے کی جانب سے واجبات کی ادائیگی کی جا سکے۔ تاہم، قرض لینے والے کو یہ علم ہونا چاہیے کہ ضمانت/کولیٹرل صرف اسی صورت میں اس کے قانونی وارث کے حوالے کی جائے گی جب تمام واجبات ادا کر دیے جائیں اور یہ عمل جاری کردہ جانشینی کے سرٹیفکیٹ اور لیٹر آف ایڈمنسٹریشن کے مطابق ہو۔ |
| گارنٹر کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ | لاگو نہیں |
| آپ کو کون سی دستاویزات فراہم کی جائیں گی؟ | صارف کو دستاویزات کی نقول طلب کرنے کا حق حاصل ہے۔ براہِ مہربانی ایسے کسی تقاضے کے لیے متعلقہ برانچ سے رابطہ کریں۔ |
| رہنمائی اور شکایت کے ازالے کے لیے کہاں رجوع کریں؟ | مزید رہنمائی کے لیے براہِ مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں<br>• 24/7 فون بینکنگ ٹیم سے 111-654-321 پر<br>• ای میل ایڈریس: ccu.helpdesk@jsbl.com<br>• قریبی جے ایس بینک برانچ کا دورہ کریں<br>• برائے شکایات: https://sunwai.sbp.org.pk |

مجاز بینکر کے دستخط، مہر اور تاریخ

قرض لینے والے کے دستخط اور تاریخ